ماڈیول ۱۷

حدیث نمبر27

نیکی اور گناہ کی تعریف

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

"نیکی اچھے اخلاق کا نام ہے، اور گناہ وہ ہے جو تیرے دل میں کسک پیدا کرے اور تو پسند نہ کرے کہ لوگ اس کے بارے میں جان لیں۔"

ایک اور روایت میں حضرت واثلہ بن معبد رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ انہوں نے نبی ﷺ سے پوچھا:

"نیکی اور گناہ کیا ہے؟" نبی ﷺ نے جواب دیا:

"اپنے دل سے مشورہ لو۔ نیکی وہ ہے جو دل اور نفس کو تسکین دے اور گناہ وہ ہے جو دل میں شک پیدا کرے، اگرچہ لوگ تمہیں فتویٰ دیں کہ یہ صحیح ہے۔"

اربعین نووی میں نیکی اور گناہ کی تعریف کے سلسلے میں دو احادیث بیان کی گئی ہیں: ایک حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ کی روایت ہے اور دوسری حضرت واثلہ بن معبد رضی اللہ عنہ کی۔ دونوں احادیث کا مفہوم ایک جیسا ہے اور ان میں نیکی اور گناہ کے معنی کو ایک ہی مقصد کے تحت واضح کیا گیا ہے۔

حضرت واثلہ بن معبد رضی اللہ عنہ کا مختصر تعارف

حضرت واثلہ بن معبد رضی اللہ عنہ کی کنیت ابو شعثاء تھی۔ آپ 9 ہجری میں اپنے قبیلے کے ساتھ مدینہ آئے اور اسلام قبول کیا۔

اس حدیث میں نبی ﷺ نے ایک مومن کے لیے نیکی اور گناہ کی پہچان کا طریقہ بتایا۔

نیکی کا مطلب

نیکی اچھے اخلاق کا نام ہے۔ یہ انسان کے اعمال اور رویے سے ظاہر ہوتی ہے۔ نیکی وہ عمل ہے جو انسان کے دل کو تسکین دے اور اس کا ضمیر اس کے ساتھ اطمینان محسوس کرے۔ نیکی کا سب سے اعلیٰ درجہ حسن اخلاق ہے، جن میں سچائی، انصاف، رحمت اور انسانیت شامل ہیں۔

گناہ کی پہچان

گناہ وہ ہے جو انسان کے دل میں بے چینی اور شک پیدا کرے۔ اگر انسان کسی عمل میں یہ محسوس کرے کہ یہ غلط ہے اور وہ چاہے کہ لوگ اس کے اس عمل کے بارے میں نہ جانیں، تو وہ عمل گناہ ہے۔

نبی ﷺ نے فرمایا: "میری امت میں سے ہر ایک آدمی کو اللہ معاف فرمادے گا، سوائے ان لوگوں کے جو اپنے گناہوں کا اظہار کرتے ہیں۔"

نبی ﷺ کا ارشاد یہ بھی تھا کہ اگر کسی مسئلے میں تمہیں لوگ فتویٰ دیں کہ یہ صحیح ہے، لیکن تمہارا دل اس کے بارے میں مطمئن نہ ہو، تو اپنے دل کا مشورہ لینا ضروری ہے۔ مومن کا دل گناہ پر ملامت کرتا ہے، لیکن فاسق اور فاجر کا دل گناہ کا اثر محسوس نہیں کرتا۔

حدیث نمبر 28

سماعت اور اطاعت

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

"میں تمہیں اللہ کا تقویٰ اختیار کرنے، سننے اور اطاعت کرنے کی وصیت کرتا ہوں، چاہے تم پر ایک حبشی غلام ہی امیر کیوں نہ بن جائے۔"

نبی ﷺ نے آگے فرمایا:

"میرے بعد تم بہت سے اختلاف دیکھو گے۔ تم میری سنت اور خلفائے راشدین کے طریقوں کو مضبوطی سے تھام لینا۔ نئے نئے کاموں سے بچو، کیونکہ ہر نیا کام بدعت ہے، اور ہر بدعت گمراہی ہے۔"

نبی ﷺ نے اس حدیث میں مومنین کو چار اہم باتیں سمجھائی ہیں:

اللہ کا تقویٰ اختیار کرنا

تقویٰ ایک مومن کے لیے سب سے ضروری چیز ہے۔ تقویٰ کا مطلب ہے ہر عمل میں اللہ کی رضا تلاش کرنا اور اس کے حکم کے مطابق چلنا۔ تقویٰ انسان کو گناہوں سے دور رکھتا ہے اور نیکیوں کی طرف لے جاتا ہے۔

سماعت اور اطاعت

ہر مسلمان پر واجب ہے کہ وہ اپنے حکمران کی بات سنے اور اس کی اطاعت کرے، جب تک وہ حکم قرآن اور سنت کے خلاف نہ ہو۔ نبی ﷺ نے یہ بھی واضح کیا کہ حکمران کا رنگ، مقام یا شخصیت اس بات کو بدل نہیں سکتی۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "جب تم اپنے امیر سے ایسا عمل دیکھو جو شریعت کے خلاف ہو، تو اس عمل سے کراہت کا اظہار کرو، لیکن سمع اور اطاعت سے اپنا ہاتھ نہ کھینچو (یعنی بغاوت نہ کرو)۔"

پھر فرمایا: "مسلم حکمران کے خلاف بغاوت اور خروج اس وقت تک جائز نہیں جب تک وہ ایسا کفر نہ کرے جس کا کفر ہونا واضح ہو۔"

سنت پر عمل

نبی ﷺ نے آگاہ کیا کہ ان کے بعد امت میں اختلاف پیدا ہوگا۔ اس اختلاف کا حل یہ ہے کہ مسلمان نبی ﷺ کی سنت اور خلفائے راشدین کے طریقوں کو مضبوطی سے تھام لیں۔ سنت پر عمل مسلمان کو گمراہی اور فتنوں سے بچا سکتا ہے۔

بدعت سے بچنا

نئے نئے کام جو دین میں شامل کیے جائیں، ان سے دور رہنا ضروری ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا کہ ہر نیا کام بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے۔ بدعت سے مراد وہ چیزیں ہیں جو دین میں نہ ہونے کے باوجود دین کا حصہ بنائی جائیں۔

Hadith Number 27

Neki Aur Gunah Ki Tareef

Hazrat Nawwas bin Sam'aan **رضی اللہ عنہ** se riwayat hai ke Nabi ﷺ ne farmaya:
"Neki ache akhlaq ka naam hai, aur gunah wo hai jo tere dil mein kasak paida kare aur tu pasand na kare ke log iske bare mein jaan lein۔"
Ek aur riwayat mein Hazrat Waabisah bin Ma'bad **رضی اللہ عنہ** ne farmaya ke unhone Nabi ﷺ se poocha:
"Neki aur gunah kya hai?" Nabi ﷺ ne jawab diya:
"Apne dil se mashwara lo۔ Neki wo hai jo dil aur nafs ko taskeen de aur gunah wo hai jo dil mein shak paida kare, agarche log tumhein fatwa dein ke ye sahi hai۔"

Arbaeen Nawawi mein neki aur gunah ki tareef ke silsile mein do ahadith bayan ki gayi hain: ek Hazrat Nawwas bin Sam'aan (RA) ki riwayat hai aur doosri Hazrat Waabisah bin Ma'bad (RA) ki. Dono ahadith ka mafhoom ek jaisa hai aur in mein neki aur gunah ke ma'ni ko ek hi maqsad ke tehat wazeh kiya gaya hai.

Waabisah bin Ma'bad رضی اللہ عنہ ka Mukhtasir Taaruf

Hazrat Waabisah bin Ma'bad **رضی اللہ عنہ** ki kuniyat Abu Sha'sa thi۔ Aap 9 Hijri mein apne qabeelay ke sath Madinah aaye aur Islam qabool kiya۔

Is hadith mein Nabi ﷺ ne ek momin ke liye neki aur gunah ki pehchan ka tareeqa bataya۔

Neki ka Matlab: Neki ache akhlaq ka naam hai۔ Yeh insaan ke aamal aur rawaiye se zahir hoti hai۔ Neki wo amal hai jo insaan ke dil ko taskeen de aur uska zameer uske saath itminan mehsoos kare۔ Neki ka sabse ucha darja husn e akhlaq hai, jin mein sachai, insaf, rehmat aur insaniyat shamil hain۔

Gunah ki Pehchan: Gunah wo hai jo insaan ke dil mein bechaini aur shak paida kare۔ Agar insaan kisi amal mein yeh mehsoos kare ke yeh galat hai aur woh chaahe ke log uske is amal ke bare mein na jaanein, to wo amal gunah hai۔

Nabi ﷺ ne farmaya: "Meri ummat mein se har ek aadmi ko Allah maaf farma dega, siwai un logon ke jo apne gunahon ka izhar karte hain"

Nabi ﷺ ka irshad yeh bhi tha ke agar kisi masle mein tumhein log fatwa dein ke yeh sahi hai, lekin tumhara dil iske bare mein mutma'in na ho, to apne dil ka mashwara lena zaroori hai۔ Momin ka dil gunah par malamat karta hai, lekin fasiq aur fajir ka dil gunah ka asar mehsoos nahi karta۔

Hadith Number 28: Sima'at Aur Itaat

Hazrat Irbad bin Sariyah رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke Nabi ﷺ ne farmaya:
"Main tumhein Allah ka taqwa ikhtiyar karne, sunne aur itaat karne ki waseeyat karta hoon. Chahe tum par ek Habshi ghulam hi ameer kyun na ban jaye."
Nabi ﷺ ne agay farmaya:
"Mere baad tum bahut se ikhtilaf dekho ge. Tum mere sunnat aur khulafa-e-rashideen ke tareeqon ko mazbooti se tham lena. Naye naye kaamon se bacho, kyunke har naye kaam bid'at hain, aur har bid'at gumrahi hai."

Nabi ﷺ ne is hadith mein momineen ko chaar aham baatein samjhayi hain:

Allah Ka Taqwa Ikhtiyar Karna:

Taqwa ek momin ke liye sabse zaroori cheez hai. Taqwa ka matlab hai har amal mein Allah ki raza talash karna aur uske hukum ke mutabiq chalna. Taqwa insaan ko gunahon se door rakhta hai aur nekiyon ki taraf le jata hai.

Sima'at Aur Itaat:

Har musalman par wajib hai ke wo apne hukmaran ki baat sune aur uski itaat kare, jab tak wo hukum Qur'an aur Sunnat ke khilaf na ho. Nabi ﷺ ne yeh bhi wazeh kiya ke hukmaran ka rang, maqaam ya shakhsiyat is baat ko badal nahi sakti. Nabi Akram ﷺ ne farmaya: "Jab tum apne ameer se aisa amal dekho jo shariat ke khilaf ho, to us amal se karahat ka izhar karo, lekin sam (سَمْع) aur itaat se apna haath na khencho (yaani baghawat na karo)."

Phir farmaya: "Muslim hukmaran ke khilaf baghawat aur khurooj us waqt tak jaiz nahi jab tak woh aisa kufr na kare jiska kufr hone mein koi shak na ho."

Sunnat Par Amal:

Nabi ﷺ ne agah kiya ke unke baad ummat mein ikhtilaf paida hoga. Is ikhtilaf ka hal yeh hai ke musalman Nabi ﷺ ki sunnat aur khulafa-e-rashideen ke tareeqon ko mazbooti se tham lein. Sunnat par amal musalman ko gumrahi aur fitnon se bacha sakta hai.

Bid'at Se Bachna:

Naye naye kaam jo deen mein shamil kiye jayein, unse door rehna zaroori hai. Nabi ﷺ ne farmaya ke har naye kaam bid'at hai aur har bid'at gumrahi hai. Bid'at se murad wo cheezein hain jo deen mein na hone ke bawajood deen ka hissa banayi jayein.